
© rasailojaraid.com





# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

—— شفیق فاروقی ——

**مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس** کتب خانہ کے وسیع ہال میں مجلس شوریٰ دارالعلوم کا سالانہ اجلاس زیر صدارت جناب حاجی طاؤس خان صاحب جہانگیرہ منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن پاک جناب مولانا عبدالخالق صاحب خطیب کوہ نور ملز راولپنڈی نے فرمائی۔ اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ نے استقبالیہ کلمات میں اراکین کا خیر مقدم کرتے ہوئے حفاظت دین اور مدارس عربیہ پر روشنی ڈالی۔ آپ نے فضلاء حقانیہ کی وسیع وہمہ گیر خدمات اور دارالعلوم کے ایک نئے شعبہ " دائرۃ المعارف القرآنیہ " ( دارالحفظ والتجوید ) کے قیام پر بھی خداتعالیٰ کا شکریہ ادا فرمایا۔ اس کے بعد مولانا سمیع الحق صاحب نے دارالعلوم کی سالانہ کارگذاری مصارف اور مدات آمد وخرچ پر مفصل رپورٹ پیش کی۔

آپ نے بتایا کہ سال گذشتہ دارالعلوم کو مختلف مدات سے بارہ لاکھ سولہ ہزار ترانوے روپے اکسٹھ پیسے (۱۲،۱۶،۰۹۳ — ۶۱ روپے) کی آمدنی ہوئی۔ جب کہ مختلف شعبوں پر بارہ لاکھ اکتیس ہزار ایک سو اکتالیس روپے اٹھاسی پیسے (۱۲،۳۱،۱۴۱ — ۸۸ روپے) خرچ ہوئے۔ سال رواں کے لئے آپ نے گیارہ لاکھ پچاسی ہزار آٹھ سو اٹھانوے روپے بیس پیسے (۱۱،۸۵،۸۹۸ — ۲۰ روپے) کا میزانیہ پیش کیا جس کا تفصیلی نقشہ شامل اشاعت ہے۔

ارکان شوریٰ نے بجٹ پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اور منظوری عنایت فرمائی۔ اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ نے گذشتہ سال وفات پانے والی عالم اسلام کی اہم دینی و علمی شخصیت شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ اور دیگر وابستگان دارالعلوم کے لئے دعائے مغفرت کی۔

یکم ذیقعدہ ۱۴۰۲ھ پرنسپل کلیۃ القرآن الکریم والدراسات الاسلامیہ واستاد جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ جناب الشیخ بلال دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ بعد نماز عصر آپ نے طلباء سے خطاب بھی فرمایا۔

© rasailojaraid.com